New York City Sexual and Reproductive Health Care Bill of Rights (نیو یارک سٹی کا جنسی اور تولیدی صحت کی نگہداشت کے حقوق کا مسودہ قانون)

نیو یارک سٹی (NYC) میں، آپ کو جنسی اور تولیدی صحت کی نگہداشت بشمول اسقاط حمل تک رسائی حاصل کرنے کا حق ہے۔ آپ کو NYC میں رہتے ہوئے یہ حقوق حاصل ہیں، چاہے آپ جہاں بھی رہتے ہوں۔

NYC میں جنسی اور تولیدی صحت خدمات طلب کرتے ہوئے، آپ کو درج ذیل حقوق حاصل ہیں:

1 والدین کو اطلاع یا ان کی منظوری کے بغیر درج ذیل خدمات حاصل کرنا:

- اسقاط حمل، بشمول دوا سے اسقاط، جس کا احاطہ کرنا بیشتر بیمہ منصوبوں (بشمول Medicaid) پر لازم ہے اور اگر آپ غیر بیمہ شدہ ہیں یا آپ کا کم بیمہ ہے تو اس کے لیے مالی اعانت دستیاب ہو سکتی ہے۔
- حمل ساقط ہونے کا نظم و نسق، بشمول حمل ساقط ہونے کی دوا کا نظم و نسق۔
- ضبط تولید اور ہنگامی مانع حمل، جس کا احاطہ کرنا بیشتر بیمہ منصوبوں (بشمول Medicaid) پر، مریضوں پر کسی لاگت کے بغیر، لازم ہے۔
- جنسی صحت کی نگہداشت، بشمول HIV (ایچ آئی وی) اور دیگر جنسی لحاظ سے منتقل شدہ انفیکشن کے مدنظر ٹیسٹنگ، علاج اور روک تھام۔
- قبل از ولادت اور بعد از ولادت نگہداشت، جس کا احاطہ کرنا۔ بیشتر بیمہ منصوبوں (بشمول Medicaid) پر لازم ہے
- صدمہ کے بعد نگہداشت، بشمول جنسی تشدد اور قریبی پارٹنر کا تشدد۔

2 تولیدی صحت کی نگہداشت حاصل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے جبر، جبر کی دھمکی یا طبعی رکاوٹ سے آزاد ہونا۔

3 جنسی اور تولیدی صحت کے بارے میں اپنے نگہداشت صحت فراہم کنندہ سے معلومات کی درخواست کرنا۔

4 جب آپ حاملہ ہوں تو ہسپتالوں کے یا ولادت کے مراکز کے وضع حمل کے طرز عمل اور طریقہ کار کے بارے میں معلومات موصول کرنا۔

5 کسی غیر ہنگامی طریقہ کار یا علاج کے لیے باخبر منظوری دینے کی خاطر آپ کو درکار تمام معلومات، بشمول خطرات اور فوائد کے بارے میں معلومات موصول کرنا۔

6 کسی طریقہ کار یا علاج کا انتخاب یا اس سے انکار کرنا۔

7 یہ انتخاب کرنا کہ اگر آپ قاصر ہوں تو آپ کے لیے جنسی اور تولیدی صحت کی نگہداشت کے فیصلے کون کرے گا۔

8 اپنی طبی نگہداشت میں اخفاء اور رازداری قائم رکھنا۔

9 غیر ضروری بندشوں سے آزاد صاف اور محفوظ ماحول میں لحاظ، احترام اور وقار کا برتاؤ کیا جانا۔

10 اگر آپ بلا دستاویز ہیں تو NYC Sexual Health Clinics اور NYC Health + Hospitals کی سہولیات میں، اسقاط سمیت، جنسی اور تولیدی صحت کی نگہداشت تک رسائی حاصل کرنا۔

تارکین وطن کے لیے صحت بیمہ اور نگہداشت کے بارے میں مزید معلومات کے لیے، **nyc.gov/site/ochia/find-what-fits/immigrants.page** ملاحظہ کریں۔

11 آپ کی جنسی اور تولیدی صحت کی نگہداشت کے فیصلوں کی بنیاد پر روزگار میں غیر قانونی امتیازی سلوک اور ہراسانی، اور آپ کی صنف، صنفی شناخت، جنسی رجحان یا کسی دیگر تحفظ یافتہ شناخت کی بنیاد پر روزگار، رہائش اور عوامی رہائشی کی جگہوں میں ہراسانی کے بارے میں شکایت دائر کرنا۔

اگر آپ کا ماننا ہے کہ آپ کے خلاف امتیازی برتاؤ کیا گیا ہے تو، NYC Commission on Human Rights (NYC کمیشن برائے انسانی حقوق) سے 212-416-0197 پر رابطہ کریں، آن لائن **nyc.gov/site/cchr/about/report-discrimination.page** پر رپورٹ کریں یا Commission (کمیشن) کے دفاتر میں تشریف لائیں۔

یہ حقوق کا مسودہ قانون نیو یارک کے تمام باشندوں کے لیے جنسی اور تولیدی انصاف کے حصول میں NYC کی کوششوں کا ایک اہم حصہ ہے۔ جنسی اور تولیدی انصاف کا وجود تب ہوتا ہے جب سارے لوگوں کے پاس اپنے اجسام، جنسی اور تولید کے بارے میں صحت مند فیصلے کرنے کا اختیار اور وسائل ہوتے ہیں۔ یہ حقوق کا مسودہ قانون کوئی ایسا نیا قانون تخلیق نہیں کرتا ہے جو قانون میں پہلے سے طے شدہ نہیں ہے اور یہ قانونی مشورے کا بدل نہیں ہے۔ اگر آپ کا ماننا ہے کہ آپ کے حقوق ک خلاف ورزی ہوئی ہے تو، مزید مشورہ کے لیے کسی اٹارنی سے رابطہ کریں۔

اپنے جنسی اور تولیدی حقوق کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، **nyc.gov/health** ملاحظہ کریں اور **"sexual and reproductive justice" (جنسی صحت اور تولیدی انصاف)** تلاش کریں۔ امتیازی سلوک سے آزاد رہنے کے اپنے حقوق کے بارے میں مزید جاننے کے لیے، **nyc.gov/humanrights** ملاحظہ کریں۔ کسی اٹارنی کے نام حوالہ کے لیے، NYC بار کی لیگل ریفرل سروس کو 212-626-7373 پر کال کریں یا **nycbar.org** ملاحظہ کریں۔

9.23 Urdu